نالوکسون کے بارے میں

نالوکسون ایک محفوظ دوا ہے جو افیون آمیز مرکب کی زیادہ مقدار کے استعمال کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔

یہ صرف افیونی مواد پر کام کرتی ہے (جیسے ہیروئن، فینٹائل، نسخے والی دافع درد ادویات) لیکن اگر افیونی مواد نہ بھی موجود ہو تو بھی اسے استعمال کرنا محفوظ ہے۔

اہم: دوسروں کو بتائیں کہ آپ کا نالوکسون کہاں اسٹور ہے اور اسے کیسے استعمال کرنا ہے۔

زائد خوراک کو چیک کرنا

افیونی مواد کی زیادہ مقدار کی علامات میں ذیل شامل ہیں:

- رد عمل کی صلاحیت نہ ہونا یا بے ہوشی
- سانس لینا سست ہو جانا یا رک جانا
- نیلے، سرمئی یا سفید ہونٹ یا انگلیوں کے سرے
- خراٹے یا غرغرانے کی آوازیں آنا

نالوکسون دینے سے پہلے ردعمل کی جانچ کریں:

- یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا وہ شخص جواب دیتا ہے، زور سے چلائیں۔
- گر ان سے کوئی جواب نہیں آتا ہے تو اپنی انگلیوں کی مٹھی بنا کر ان کی چھاتی کی ہڈی پر زور سے دبائیں (اسٹرنل رب)۔



اگر اسٹرنل رب پر کوئی رد عمل نہیں آتا تو یہ ایک ایمرجنسی ہے!

زائد خوراک کے جوابی اقدامات

1. طبی امداد کے لیے **911** پر کال کریں۔ انہیں بتائیں کہ کسی کو سانس نہیں آ رہا ہے۔
2. نالوکسون دیں۔ ڈیوائس کو ٹیسٹ نہ کریں کیونکہ اسے صرف ایک بار ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

چھیلیں — رکھیں — دبائیں

اس میں کچھ بھی جوڑنے کی ضرورت نہیں۔ پلنگر کو دبا کر ایک نتھنے میں نالوکسون اسپرے کریں۔

اگر دو منٹ میں کوئی ردعمل نہیں آتا تو دوسری خوراک دیں۔

3. جتنی جلدی ممکن ہو امدادی سانسیں یا CPR دیں۔ نالوکسون کِٹ میں چہرے کی شیلڈ شامل ہے۔

- اس شخص کے سر کو پیچھے کی طرف جھکائیں اور ان کی ناک کو انگلیوں سے چٹکی بنا کر پکڑیں۔
- منہ سے دو سانسیں دیں اور سینے کے اٹھنے یا پھولنے پر نگاہ رکھیں۔
- ہر پانچ سیکنڈ میں ایک سانس دینا جاری رکھیں۔

4. جب نالوکسون یا امدادی سانسیں نہ دے رہے ہوں تو دم گھٹنے سے بچنے کے لیے اس شخص کو ایک سائیڈ کروٹ لٹا دیں۔



نالوکسون دینے کے بعد

طبی امداد پہنچنے تک اس شخص کے ساتھ رہیں۔

- نالوکسون 30 سے 90 منٹ تک کام کرتا ہے اور اس کا اثر ختم ہونے تک چھوڑنے کی علامات پیدا ہو سکتی ہیں۔
- زیادہ دوائیں استعمال کرنے سے چھوڑنے کی علامات کو کم کرنے کا امکان نہیں ہے لیکن مزید زائد خوراک کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

نالوکسون کے استعمال کی اطلاع اس پروگرام کو دیں جہاں سے آپ کو یہ ملا ہے، یا Stop OD NYC ایپ استعمال کریں۔

اگر آپ ایک یا زیادہ خوراکیں استعمال کرتے ہیں یا نالوکسون کی معیاد ختم ہو جاتی ہے تو ایک نئی کٹ حاصل کریں۔

معاونت

نالوکسون تلاش کرنے کے لیے یا نشہ آور مواد کے استعمال کے حوالے سے یا دماغی صحت میں مدد کے لیے NYC Well کو دن میں 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن 888-692-9355 پرکال کریں۔

NYC Health

نالوکسون کیا ہے؟

What Is Naloxone?

NYC Health

8.22 Urdu